# بات پہ بات

مصنف

میاں امجد علی امجد گولڈ میڈلسٹ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور۔ کراچی ○ پاکستان

Marfat.com

# بات پہ بات

مصنف


میاں امجد علی امجد

(گولڈ میڈلسٹ)



ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور کراچی پاکستان


Marfat.com

11725

جملہ حقوق محفوظ ہیں

| | |
|---|---|
| نام کتاب | بات پہ بات |
| مصنف | میاں امجد علی امجد (گولڈ میڈلسٹ) |
| تاریخ اشاعت | فروری 2006ء |
| ناشر | ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور |
| تعداد | ایک ہزار |
| کمپیوٹر کوڈ | 1Z231 |
| قیمت | -/36 روپے |

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔ 7221953 فیکس:۔ 042-7238010

9۔ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ 7225085-7247350

14۔ انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون: 021-2212011-2630411۔ فیکس:۔ 021-2210212

e-mail:- sales@zia-ul-quran.com
zquran@brain.net.pk
Visit our website:- www.zia-ul-quran.com

Marfat.com

# حمدِ باری تعالیٰ جلّ جلالہٗ

خلقتِ کُل کا تُو ہی معبُود ہے
تیرے بن ارض و سما بے سُود ہے
جس کے دل میں آ گیا ہو تیرا خوف
ہر بُرائی اُس سے پھر مفقُود ہے
کیوں نہ چاہوں اے خدا تیری رضا
دو جہاں کا تُو ہی تو معبُود ہے
تیرا چرچا تیرا ذِکر اور تیرا نُور
ہر اک جا ہر چیز میں موجود ہے
باوجود عصیاں کے بیں ہوں اُن میں
کس قدر مولا کا مجھ پہ جُود ہے
مَیں ثنائے رب کروں اتنی مجال
اتنی طاقت مجھ میں کب موجود ہے
دو کریموں کا ہے امجد پر کرم
اِس طرف محبوبؐ اُدھر معبُود ہے

امجد علی امجد



Marfat.com

# نعتِ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم

ظلمت ہو سایہ فگن تو تنویر کیجیے
ہو قربت نبیؐ پہ تدبیر کیجیے

ہر وقت رہے کلمۂ توحید ہی لب پر
شیطان کے واسطے اِسے زنجیر کیجیے

پتھر کا جگر موم کی مانند نرم ہو
میری زباں میں ایسی تاثیر کیجیے

دُنیا کو دیں جو مانگتی ہے اپنے ظرف سے
میرے تو دل میں عشق کی تعمیر کیجیے

رُسوا ہو نہ جاؤں سرِ حشر یا نبیؐ!
پروانۂ نجات، اب تحریر کیجیے

آجائے سب کے فہم میں یہ شانِ مصطفیٰ
قرآن کو کھولو کھول کر تفسیر کیجیے

اُداس کیوں ہو فُرقتِ طیبہ میں اے امجد
آقا کے پاس جانے کی تدبیر کیجیے

امجد علی امجد

میاں امجد علی امجد کی مشہور کتاب «بات پہ بات»

Marfat.com

# سائیڈ ایفیکٹس

پروفیسر انور مسعود کی جعلی میڈیسن
کے بارے میں مزاحیہ اور طنزیہ نظم

سر درد میں گولی یہ بڑی زود اثر ہے
پر تھوڑا سا نقصان بھی ہو سکتا ہے اس سے
ہو سکتی ہے کچھ ثقلِ سماعت کی شکایت
بے کار کوئی کان بھی ہو سکتا ہے اس سے
ممکن ہے خرابی کوئی ہو جائے جگر میں
ہاں آپ کو یرقان بھی ہو سکتا ہے اس سے
پڑ سکتی ہے کچھ جلد خراشی کی ضرورت
خارش کا کچھ امکان بھی ہو سکتا ہے اس سے
ہو سکتی ہیں یادیں بھی ذرا سی متاثر
معمولی سا نسیان بھی ہو سکتا ہے اس سے
بینائی کے حق میں بھی یہ گولی نہیں اچھی
دیدہ کوئی حیران بھی ہو سکتا ہے اس سے
ہو سکتا ہے لاحق کوئی پیچیدہ مرض بھی
گردہ کوئی ویران بھی ہو سکتا ہے اس سے
ممکن ہے کہ ہو جائے نشہ اس سے ذرا سا
پھر آپ کا چالان بھی ہو سکتا ہے اس سے



Marfat.com

# اظہارِ تشکر

والدگرامی جناب بابو نذیر احمد اور والدہ محترمہ نور بیگم کے لیے کہ جن کے حُسنِ تربیت نے مجھے اس قابل کیا کہ اس مادی دور میں عظمتِ کردار کی سربلندی کی شمعیں روشن کرسکوں۔ باپ خُدا کی رحمت کی پہچان ہے تو ماں لُطف وکرم کا سائبان۔ ربِ کریم ان مقدس شخصیات کا سایۂ رحمت ہمیشہ میرے سر پہ رکھے اور مجھے یہ توفیق عطا کرے کہ میں ان کی خدمت کی سعادت سے بہرہ ور ہوسکوں۔ میرا ماضی بھی ان کے لیے تھا۔ میرا حال اور مستقبل بھی ان کے قدموں کی زینت۔ میری ہر تحریر کے پس منظر میں انہی کی جلوہ ریزی نظر آتی ہے۔

مُرشد مہربان الحاج ابوداؤد محمد صادق صاحب اور اُستاد ذی شان پروفیسر محمد اکرم رضا کے لیے کہ جن کی عنایاتِ خسروانہ اور شفقتِ کریمانہ نے میری زیست کے اندھیروں میں علم وعمل کا چراغ بن کر میرے کردار اور سیرت کو تعمیر کیا۔ اور آج جو نیکی اور علم کا ساز میرے دل میں بج رہا ہے انہی بزرگوں کے وجودِ مسعود کی بدولت ہے۔

برادرم الحاج حبیب اللہ مقیم سعودی عرب اور عزیز دوست عرفان صاحب شفیع (امریکہ)...... برادر عزیز الحاج محمد ارشد (کویت) مہر محمد وقار (لندن)، محمد اشفاق خان بیوروچیف، ڈیلی لشکر واسس گوجرانوالہ، محمد اسلم مینجر کڈز بک سنٹر گوجرانوالہ کا شکر گزار ہوں جن کے بلند حوصلوں نے میرے دل کو شگفتگی کی دولت بخشی۔ اس دُعا کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ ہم سب پر

خدا حافظ ,,,,, وحم کرم

میاں امجد علی امجد کی مشہور کتاب ﴿بات پہ بات﴾

Marfat.com

# اعلیٰ ظرف انسان

جنگل کا بے تاج بادشاہ شیر جب کسی جانور کا شکار کرتا ہے تو
تھوڑا سا گوشت کھا کر چھوڑ دیتا ہے اُس کا چھوڑا ہوا گوشت
دوسرے جانور کھا جاتے ہیں، انسانوں میں وہی شیر دل اور
اعلیٰ ظرف انسان ہے جو اپنی محنت اور لیاقت سے
باقی انسانوں کی (شکم پُری) یعنی دوسروں کی بُھوک
مٹانے کا بندوبست کرتے ہیں یاد رکھیں شیر
بھُوکا مر جاتا ہے مگر کسی کا چھوڑا ہوا نہیں
کھاتا۔ اعلیٰ ظرف اور شیر دل انسان بھی
دوسروں کے مال پر نظر نہیں رکھتا
بلکہ اپنے زورِ بازُو سے رزقِ حلال
کما کر خود بھی کھاتا ہے اور
دُوسروں کو بھی کھِلاتا ہے

ہیں وہی لوگ جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دُوسروں کے

Marfat.com

# بشرطِ استواری

کسی دانشمند سے سُنا ہے کہ
کُتّے میں ہزار خامیاں ہوں مگر
ایک خوبی سب سے اچھی ہے کہ وہ اپنے مالک کا
وفادار ہوتا ہے۔ اپنے مالک سے دغا نہیں کرتا
لیکن انسان جو ساری مخلوقات سے افضل ہے
اُس کے جوہر کہاں گئے کیا وہ اپنے اللہ سے وعدہ کر کے
سب کچھ بھول گیا وہ اپنے اللہ کا وفادار کیوں نہیں
فرشتوں سے بہتر ہے انسان بننا
مگر اس میں لگتی ہے محنت زیادہ
دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کے لیے کچھ کم نہ تھے کرّوبیاں



Marfat.com

# اُلٹی گنگا

آدمی کوئی بھی اچھا یا بُرا نہیں ہوتا
اُس کے عمل اُس کو اچھا یا بُرا بناتے ہیں
اگر کوئی برائی کرے تو
(شیطان)
اگر نیکی کرے تو
(انسان)

کوئی انسان بھی بُرا نہیں ہوتا اُس کا فعل اُسے اچھا یا بُرا بناتا ہے۔ اب دُنیا کا رواج اُلٹ ہوگیا۔
اب لوگ خود ہی گندگی ڈالتے ہیں اور خود ہی گندگی کو بُرا کہتے ہیں۔

سچ تو یہ ہے زیب یہ دینا نہیں سرکار کو
پالیئے بیماریوں کو ماریئے بیمار کو

میاں امجد علی امجد کی مشہور کتاب ﴿بات پہ بات﴾

Marfat.com

# اَوصاف

کسی شخص نے حضرت بابا فرید گنج شکرؒ کو
ایک قینچی تحفے میں دی تو آپ نے
وہ قینچی شخص کو واپس کرتے ہوئے کہا
تم اپنی قینچی واپس لے لو اور اس کے بدلے
مجھے ایک سوئی لا دو کیونکہ قینچی کا کام کاٹنا ہے
اور سُوئی کا کام سینا
ہم دُنیا میں لوگوں کے دلوں کو
جوڑنے آئے ہیں
کاٹنے نہیں
اے ناوان شخص اپنے آپ میں سُوئی کے اوصاف
پیدا کر جو معمولی ہو کر کتنے بڑے بڑے کام کر جاتی ہے

جو کرنی ہے جہانگیری محمدؐ کی غلامی کر
عرب کا تاج سر پہ رکھ خداوندِ عجم ہو جا



Marfat.com

# انتظار

دیکھ لے سُوکھی ٹہنیوں کی طرف
مت پوچھ انتظار کیا شے ہے
انتظار چاہے محبوب کا ہو یا مطلوب کا
دوست کا ہو یا کسی دشمن دار کا
اپنے افسر کا ہو یا ماتحت کا
ریل گاڑی کا ہو یا ہوائی جہاز کا
غرض کہ انتظار کسی کا بھی ہو
بُرا ہوتا ہے کیوں کہ انتظار کا ہر لمحہ
موت کے آہنی شکنجے کی طرح
لمحہ بہ لمحہ بے چینی بے قراری میں گزرتا ہے
بقول بہادر شاہ ظفر

؎ عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

Marfat.com

# گرُ بتا دیں گے بادشاہی کا ؟

اے دل تو کسی کو بُرا کیوں کہتا ہے
تُو اپنے اندر جھانک کے دیکھ
کیونکہ
کسی کی آنکھ کا تنکا تو جلدی نظر آجاتا ہے
مگر اپنی آنکھ کا شہتیر کبھی بھی نظر نہیں آتا
اپنے اندر کی گندگی کو نہ بھول اور
جلدی سے اس گندگی کو نکال دے
دل میں گناہوں کی آلودگی اچھی نہیں
کیونکہ
دل تو اللہ تعالیٰ کا مقامِ خاص ہے

اپنے مَن میں ڈوب کر پا جا سراغ زندگی
تُو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا نہ بن



Marfat.com

# وَیری سوری

سوری کتنا چھوٹا سا لفظ ہے
سوری کہنا کتنا آسان ہے
کتنی عجیب بات ہے کہ ہم کسی کو مار پیٹ کے
کسی سے سخت سے زیادتی کر کے
کسی کی بھری ہوئی محفل میں
بے عزتی کر کے یا کسی کے ارمانوں بھرے
دل کو توڑ کر کہنا کہ سوری
یعنی معاف کیجیئے گا کہہ کر ہم اپنے آپ کو
دل بھی سمجھنے لگتے ہیں
اور کتنے مزے کی بات ہے کہ
سر توڑنا جُرم ہے
اور دل توڑنا کوئی جرم نہیں
شاید اس لیے کہ
دل ٹوٹنے کی کوئی آواز نہیں ہوتی

؎ بہت شور سُنتے تھے پہلو میں دِل کا
جو چیرا تو اک قطرۂ خوں نہ نکلا



Marfat.com

# زندگی اور موت

میرے محبوب تم خفا نہ ہو جانا
محبت میں محبوب کی ناراضگی کا مطلب
عاشق کی موت ہوتا ہے
اگر تم میرے مرنے پہ راضی ہو
تو مجھ سے ناراض ہی رہنا اور
اگر میری زندگی چاہتی ہو تو
اپنے ہونٹوں کی مسکراہٹ کو
میرے لیے ہمیشہ وا رکھنا

اُجالے اپنی یادوں کے ہمارے ساتھ رہنے دو
نہ جانے کس گلی میں زندگی کی شام ہو جائے



Marfat.com

# خبردار

ایک دن سرِ راہ
دو کتوں کی
ملاقات ہوگئی
حال احوال پوچھنے کے بعد
ایک کتے نے دوسرے کتے کو کہا
یار ذرا بچ کر رہنا
کیونکہ انسان بڑا خطرناک ہو گیا ہے
ایک دفعہ مجھے کسی انسان نے کاٹا تھا
تو
مجھے اپنی ناف میں بارہ ٹیکے لگوانا پڑے تھے
خبردار!
احتیاط دانش مندی کا تقاضا ہے

سپیروں نے قید کر دیا سانپوں کو یہ کہہ کے
انسان کو ڈسنے کیلئے انسان ہی کافی ہے

میاں امجد علی امجد کی مشہور کتاب «بات پہ بات»

Marfat.com

# میرا دِل بھی کتنا پاگل ہے

یہ ریت میں گلاب کِھلا دیکھتا ہے
یہ عجیب خواہشات رکھتا ہے
یہ دن میں رات اور رات میں دن ڈھونڈتا ہے
اور پانی میں آگ کی تلاش کرتا ہے۔
ریت میں گلاب نہیں کھلتا
پانی اور آگ کا کوئی جوڑ نہیں
یہ دن میں تارے اور رات میں سُورج دیکھتا ہے
حالانکہ یہ سب ممکن نہیں ہے
میرا دل ناممکن باتوں کو ممکن کہتا ہے
میں اپنے دل کو اس لیے تو پاگل کہتا ہوں

دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے
آخر اس درد کی دوا کیا ہے



Marfat.com

# رازداں

اے میرے دلِ ناداں تُم نے یہ کیا غضب کیا کہ
اپنے سارے راز
اپنے دوست پر ظاہر کر دیئے کیا تم کو علم نہیں کہ
دوست کو

راز بتا کر تم نے اُسے اپنا دشمن بنا لیا ہے
اب تم اُس کے دوست نہیں بلکہ غلام ہو اب وہ
کسی بھی وقت
تمہیں بلیک میل کر سکتا ہے۔ تم نے ایسا کیوں کیا تمہارا
پیٹ بھی عورتوں اور بچّوں کی طرح ہلکا ہے
جس میں کوئی راز ٹھہرا نہیں رہتا
اپنے دل اور زبان پر کنٹرول کرو
سارے جسم کے اعضاء تمہاری بات مانیں گے

اے عدمِ احتیاط لوگوں سے

لوگ تنگ ہوتے ہیں



Marfat.com

# ایک سجدے سے انکار

اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السّلام کو کُن فیکُون کی طاقت سے پیدا کیا۔ سب فرشتوں کو ابلیس سمیت حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب فرشتوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس شیطان اکڑ گیا اور سجدہ نہ کیا۔ تو اللہ تعالیٰ نے اُس کے گلے میں لعنت کا طوق ڈال کر ذلیل وخوار کر دیا۔

اے غافل انسان!

ذرا غور کر شیطان نے ایک سجدہ نہ کیا تو اس کا اتنا بُرا حال ہوا کہ قیامت تک اور بعد قیامت اُس پر لعنت و ملامت کا طوق پہنا دیا گیا اور تم کو تو اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں سات سو مرتبہ سے زیادہ سجدوں کا حکم بصورت نماز دیا ہے۔ اور تم کتنے سجدوں سے انکار کر رہے ہو ذرا غور کرو ہمارا کیا حشر ہوگا۔

آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں
ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی



Marfat.com

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا مِنْ ثَنِيَّاتِ الْوَدَاعْ
وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَيْنَا مَا دَعَا لِلّٰهِ دَاعْ

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ



Marfat.com

# شاخِ تمنا

شیکسپیئر نے کیا خوب کہا ہے کہ یہ دُنیا ایک اسٹیج ہے اور یہاں پر آنے والا ہر شخص فنکار ہے جو اپنا اپنا کردار ادا کر کے چلا جائے گا اسی دُنیا میں آ کر ترقی نہ کرنے والا شخص اس پھول کی طرح ہے جو شاخ پر آیا ضرور مگر کھل کر مسکرا نہ سکا۔ ہر شخص ملت کے مقدر کا ستارہ ہے اُسے سوچنا چاہیئے کہ قدرت نے اُسے کس لیے تخلیق کیا اور اُس کا مقصد کیا تھا وہ اسی دنیا کے اسٹیج کا فنکار ہے۔ اپنا کردار بخوبی ادا کرے اور اتنی ترقی اور محنت کرے کہ کوئی یہ نہ کہہ سکے

کہ

یہ پھول اپنی لطافت کی داد پا نہ سکا
کھلا ضرور مگر کھل کے مسکرا نہ سکا



Marfat.com

# دشمن نہ کرے دوست نے وہ کام کیا ہے

انڈونیشیا کے نڈر اور بہادر جنرل ناسوشن جب میدان جنگ سے واپس آئے تو بے حد گھبرائے ہوئے تھے حکومت نے جب اس بہادر جنرل کو گھبرائے ہوئے دیکھا تو کہا کیا بات ہے جنرل آپ تو کبھی میدانِ جنگ میں گولیوں اور گولوں کی برسات میں نہیں گھبرائے تو اب گھبرانے کا کیا سبب ہے

تو جنرل نے جواب دیا

میدانِ جنگ میں دوست اور دشمن کی پہچان ہوتی ہے دشمن اپنی مخصوص وردی سے پہچانا جاتا ہے

مگر

یہاں شہری ماحول میں کچھ پتہ نہیں چلتا کہ کون دوست ہے کون دشمن۔ مجھے دشمنوں کی پرواہ نہیں مجھے اپنے دوستوں سے خطرہ ہے۔

آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا
دوست یاں تھوڑے ہیں اور بھائی بہت



Marfat.com

# صدائے دل

باغ میں پھول کھلے بہت اچھے لگتے ہیں
باغ کی ساری خوبصورتی اور رعنائی پھولوں سے ہے
یہ کیا عادت ہے کہ کوئی پھول اچھا لگا اور بڑی بے دردی
سے شاخ سے اُتار دیا چاہے پھول خون خون ہو کر پتی
پتی ہو جائے۔ بالکل اسی طرح کچھ لوگ پھولوں کی طرح ہوتے
ہیں۔ ان کو باغ یعنی گھر میں رہنے دو۔ ورنہ وہ مرجھا جائیں
گے۔ تم بے وفائی کے آرے سے ان کو کاٹ دو گے۔
مگر ان کا کیا نقصان ہوگا یہ کبھی سوچا بھی ہے۔
پھول موسمِ بہار کے سفیر ہوتے ہیں اُن کی قدر کرو۔
ورنہ خزاں کے زرد پتے تمہاری زندگی کو خراب کر دیں گے

ابھی تو خشک موسم ہے بارش ہو تو سوچیں گے
کہ ہم نے اپنے ارمانوں کو کس مٹی میں بونا ہے



Marfat.com

# ذرا پھر سے کہنا

اے دوست

کسی چھوٹی سے چھوٹی چیز کو حقیر نہ سمجھو
تھوڑا سا زہر ہلاہل کتنے انسانوں کو ختم کر
دیتا ہے۔ ہاتھی کتنا بڑا اور دیو جیسا جانور
ہے مگر حقیر سے پرندے ابابیل کے ہاتھوں
مارا گیا چھوٹا سا سانپ ڈس لے تو انسان پناہ
مانگتا ہے تھوڑی سی دیا سلائی کی آگ پورے گھر
یا کھیتوں کو جلا سکتی ہے۔ چھوٹی سی بات یا افواہ
پورے شہر کو خوفزدہ کر دیتی ہے۔ ایٹم بم جو چھوٹے
چھوٹے عناصر سے مل کر بنتا ہے چھوٹا سا ہے مگر ساری
دُنیا تباہ کر سکتا ہے

نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں
بُرا نہیں کوئی قدرت کے کارخانے میں



Marfat.com

# مدحتِ حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

رسالت مآبؐ کی شانِ کریمی کا کیا بیان کروں اگر سارے جہان کے درختوں کی قلمیں بنالیں اور ساری دنیا کے پانی کی سیاہی بنا کر لکھنا شروع کر دیں تو ساری دنیا کے قلم اور سیاہی ختم ہو سکتی ہے۔ ہمارے آقا کی شانِ اقدس کا ایک باب بھی پورا نہ ہو گا کیونکہ جبریل جن کے دَر کا ادنیٰ غلام ہو اُس آقا کا کیا کہنا دنیا بھر کے انسان تو انسان کُل پیغمبروں میں بھی آپ کی شان جیسا کہاں، ساری دنیا خُدا خُدا کرتی ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کا ذکر بلند کرتا ہے۔ کہاں موسیٰؑ جو دیدار کے طالب کہاں آقا کی شان کے خدا خود ملاقات کا مشتاق ....
شبِ معراج اس بات کا کھلا ثبوت ہے ....

کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب
آؤ ہم بھی سیر کریں کوہِ طور کی



11725

Marfat.com

# رانگ نمبر

اُس کے دل پر کسی اور کا رنگ چڑھا ہوا ہے
جو تمہارا نہیں بن سکا اس کی فکر میں دُبلے کیوں ہو
جسے تم اپنا مکان سمجھتے رہے ہو وہاں غیر کا قبضہ ہے
یاد رکھو ! منہ بولا بھائی یا بہن وراثت کی حقدار نہیں
ہوتی۔ فطرت کبھی نہیں بدلتی کبھی دُودھ کے بغیر بھی
کھیر پکی ہے ؟
بچھو سے جتنی مرضی نیکی کر لو ڈنگ مارنے سے باز نہیں آئیگا
سانپ کو منوں دُودھ پلاؤ آخر کار نہیں ڈسے گا۔
اے دلِ ناداں تم نے غلط جگہ پر دستک دی ہے
تم نے فون پر رانگ نمبر ڈائل کیا ہے نتیجہ کیا نکلنا تھا۔

ہو بُرا اس عشق کا جس نے بگاڑے سارے کام
ہم تو اسے بی میں رہے اغیار بی۔ اے کر گئے



Marfat.com

# رحمتِ یزداں

حضرت عیسیٰ علیہ السلام بہت زیادہ مسکراتے تھے اور حضرت یحییٰ علیہ السلام بہت زیادہ روتے تھے۔ ایک دفعہ حضرت یحییٰ نے حضرت عیسیٰ سے کہا آپ ہر وقت مسکراتے رہتے کیا آپ کو اللہ کا کوئی ڈر نہیں تو حضرت عیسیٰ نے جواب دیا آپ ہر وقت روتے رہتے ہیں کیا آپ کو اللہ کی رحمت کا یقین نہیں۔

کچھ لوگوں کو مسکراتے ہوئے چہرے اچھے نہیں لگتے وہ ہر وقت ہر چہرے کو بجھے ہوئے چراغ کی طرح دیکھنا چاہتے ہیں ایسا چراغ جو کسی مفلس اور غریب کا ہو جو پیسے نہ ہونے کی وجہ سے بجھا رہتا ہو ہر وقت کا رونا بھی برا ہے۔ اور ہر وقت کا ہنسنا بھی ہر کام کا ایک وقت ہوتا ہے اور ہر چیز اپنے وقت پر ہی اچھی لگتی ہے۔

ہر وقت کا رونا تجھے برباد نہ کر دے
پھولوں کی طرح کبھی ہنس بھی لیا کر



Marfat.com

# پرایا مال

اے دل تو مانگنے کی چیزوں پر فخر نہ کیا کر
پرائی چیز پر دعویٰ کیسا، پرائی چیز آخر پرائی چیز ہے یہاں
تو اپنی چیزوں پر بھروسہ نہیں۔
زندگی موت کی امانت ہے یہ زندگی ہم نے اُدھار میں مانگی
ہے۔ پھر ہم اپنے پیاروں کے چلے جانے پر روتے کیوں ہیں۔
کیا ہم اُدھار لے کر واپس کرنے کے پابند نہیں۔

یہ مال و دولتِ دنیا یہ رشتہ و پیوند
بُتانِ وہم و گماں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ



Marfat.com

# دیارِ عشق

اپنی عقل کے ترازو میں عشق کو نہ تول اور خواہ مخواہ عشق کو بُرا نہ جان کیونکہ ، ، ، ، ، ، ، ، ، ،

عشق ہی سے باغوں میں بہار ہے
عشق ہی سے تنِ مُردہ میں جان ہے
عشق ہی آدابِ فرزندی ، ، ، ، سکھاتا ہے
عشق ہی سے بزمِ جہاں میں رونقیں ہیں۔
عشق اوّل بھی ہے اور آخر بھی ، ، ، ،
عشق باطن بھی ہے اور ظاہر بھی ، ، ، ،
عشق کو بُرا سمجھنے والے کفر نہ بک ، ، ، ،
کیونکہ عشق کا دوسرا نام تو خدا ہے ، ، ،

عقل عیار ہے سو بھیس بدل لیتی ہے
عشق بیچارہ نہ مُلّا ہے نہ زاہد نہ حکیم



Marfat.com

# اِنسان کالے رنگ کا کیوں ہوا

عقائق الحقائق میں درج ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے جب قوم کی سرکشی سے عاجز آکر اللہ تعالیٰ سے التجا کی تو طوفانِ نوح آگیا آپ ایمان والوں کو لے کر کشتی میں سوار ہو گئے۔ اور کشتی میں سوار اپنی اولاد اور ایمان یافتہ لوگوں سے کہا کہ خبردار کوئی مرد کسی عورت سے ملاپ نہ کرے آپ کے خبردار کرنے کے باوجود حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے حام نے اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرلی تو آپ نے بددُعا کی آپ کی بددُعا کا یہ انجام ہوا کہ اُس وقت سے لے کر آج تک حام کی اولاد کا رنگ کالا ہو گیا۔ یاد رکھو ہم نے بھی اللہ کی یاد کو بھلا دیا ہے اس لیے ہمارے دل بھی کالے ہو چکے ہیں۔ اپنے دِلوں کو ذکرِ الٰہی کے صابن سے دھو لو اگر ذکرِ الٰہی کرو گے تو دِل سفید ہو جائیں گے ورنہ کالے دِلوں کا ٹھکانہ اللہ تعالیٰ نے جہنم میں بنا رکھا ہے۔

طوفانِ نوح لانے سے اے چشم فائدہ
دو اشک ہی بہت ہیں گر اثر کریں



Marfat.com

# اصلی حُسن

انسان خوبصورتی سے نہیں بلکہ اپنی شخصیت سے پہچانا جاتا ہے اگر حُسن سیرت کے ساتھ ساتھ حُسن صُورت بھی ہو تو سُبحان اللہ کیا کہنے لیکن اکثر دیکھا گیا ہے کہ جہاں خوبصورتی ہے وہاں سیرت نہیں اور جہاں سیرت ہے وہاں صورت نہیں اے دوست تم ایسا کیوں نہیں کر لیتے کہ اپنی صورت چاہے وہ خوبصورت ہے یا بدصورت اُس کے اُوپر حُسن سیرت اور نیکی کا لباس پہنا دے پھر دیکھنا تم بدصُورت ہوتے ہوئے بھی اچھے لگو گے۔

سو برس کی زندگی میں ایک پل
تو اگر کرے کوئی اچھا عمل
تجھ کو دُنیا میں ملے گا اس کا پھل
آج جو کچھ بوتے گا کاٹے گا کل



Marfat.com

# یہ دُنیا جائے عبرت ہے

سلطان قطب الدین خوارزم شاہ اپنے گھوڑے پر سوار تھا۔
ایک قبرستان سے گزرتے وقت اس نے ایک مجذوب
فقیر کو دیکھا۔
بادشاہ نے فقیر سے پوچھا۔
تم یہاں کیا کر رہے ہو تو فقیر نے کہا
مَیں یہاں مُردوں سے باتیں کر رہا ہوں۔
بادشاہ نے پوچھا یہ کیا کہتے ہیں
فقیر نے کہا یہ مُردے کہتے ہیں کہ ہم بھی اس طرح ہاتھی گھوڑے
پر سوار نکلا کرتے تھے۔ لیکن آج معاملہ اُلٹ ہے اور زمین
ہم پر سوار ہے۔

نہ گورِ سکندر نہ ہے قبرِ دارا
مٹے نامیوں کے نشاں کیسے کیسے

ٹھکانہ گور ہے تیرا عبادت کچھ تو کر غافل
کہاوت ہے کہ خالی ہاتھ گھر جانا نہیں اچھا



Marfat.com

# عالمگیر جرم

غیبت کرنا سننا اور سنانا جرم عظیم ہے۔ مذہب اخلاق اور قانون اس کی اجازت نہیں دیتا محسن کائنات حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا غیبت کرنا مردہ بھائی کے گوشت کھانے کے برابر ہے۔ میں اور آپ یعنی ساری دنیا ایک دوسرے کو یہ ضرور کہے گی کہ غیبت کرنا غلط ہے۔ جرم ہے۔ مگر پھر بھی صبح سے لے کر شام تک ہم غیبت اور چغل خوری کے جرم میں مصروف رہتے ہیں اے دوستو!

میری مانو!
تو ایک دوسرے کو کہنے کی بجائے تم خود ہی چغلی اور غیبت جیسی موذی بیماری سے بچو اور کبھی خود اپنے گریبان میں جھانکو کہ کہیں ہم اپنے مردہ بھائی کا گوشت تو نہیں کھا رہے۔

اے عدم احتیاط لوگوں سے
لوگ منکر نکیر ہوتے ہیں



Marfat.com

# نصیحت

اے دوست!
تم نے مجھے بڑی اچھی نصیحت کی کہ میں تمہیں چھوڑ دوں۔
یعنی تمہارا خیال دل سے نکال دوں۔ کیا کبھی چاند سے چاندنی
الگ نظر آئی ہے،؟
کیا چکور اور چکوری کو جدا جدا دیکھا ہے؟
کیا سورج کی کرنیں سورج کے بغیر نظر آتی ہیں؟
اے دوست!
تم نے اپنے عاشق کو بڑی عجیب نصیحت کی ہے
بھلا عاشق اس طرح کی نصیحت کو مان سکتے ہیں۔
کیوں کہ عاشق نصیحت سننے سے بہرے ہوتے ہیں

کیا تیری مانیں گے اے زاھد حور پرست
ہم عشق کے بندے ہیں کیوں بات بڑھائی ہے



Marfat.com

# تلاشِ رزق

یہ ہم منوں کے حساب سے گندم اور چاول کیوں جمع کرتے ہیں
کیا پرندے اور جانور اپنی اپنی خوراک کا سٹاک کرتے ہیں ؟
کیا پتھر میں رہنے والے کیڑے کی خوراک تم پہنچاتے ہو ؟
کیا اللہ پر بھروسہ رکھنا پرندوں، جانوروں اور کیڑوں کا ہی کام ہے ؟
انسان صرف زبان سے اللہ توکل اور جانور اور کیڑے عملی طور پر رضامند اشرف المخلوقات کہلانے والی مخلوق کہاں ہے۔

خدا کو بھول گئے لوگ فکرِ روزی میں
خیالِ رزق ہے رازق کا کچھ خیال نہیں



Marfat.com

# دُور کے ڈھول

آخر اللہ تعالیٰ ہماری نظروں سے پوشیدہ کیوں ہے۔ اللہ بھی شاید ہمیں اس لیے نظر نہیں آتا کہ وہ انسان کی فطرت کو جانتا ہے۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے خود انسان کو پیدا کیا ہے وہ انسان کی رگ رگ سے واقف ہے۔ اور اُسے پتہ ہے کہ انسان کی فطرت میں ہے کہ جو چیز اُسے آسانی سے مل جائے وہ اُس کی قدر نہیں کرتا۔ نیچر نیور چینج۔ فطرت نہیں بدل سکتی ہر اچھی نظر آنے والی چیز بعد میں خوشگوار نہیں رہتی۔

ہر چیز کھو دیتی ہے قریب آ کے وقار اپنا
تم بھی میرے محبوب پسِ تشہیر اب ملا کر



Marfat.com

# ماں کا دِل

پیرس میں بچوں کا عالمی مقابلہ حُسن منعقد ہوا جس میں دُنیا بھر سے خوبصورت سے خوبصورت بچے مقابلے میں شرکت کیلئے لائے گئے ہر ماں اپنی اپنی ہمت اور استطاعت کے مطابق اپنے اپنے ملک کے خوبصورت لباس اور شوز بچوں کو پہناتے فخر کے ساتھ کھڑی تھی۔ ہر ماں کا یہی خیال تھا کہ صرف اُسی کا بچہ خوبصورت ہے اور وہی اوّل نمبر پہ آئے گا مقابلے کے جج صاحبان نے مقابلے کے آغاز کا اعلان کیا تو ہر ماں اپنے اپنے بچے کو اُٹھائے جج صاحبان کے آگے سے گزرتی جاتی اور جج صاحبان مختلف قسم کے نمبر لگاتے جاتے حتیٰ کہ یہ سلسلہ ختم ہونے کو تھا کہ ایک کالی عورت اپنے کالے رنگ کے بچے کو اُٹھائے مقابلے میں شریک ہوئی ساری دنیا کی خوبصورت عورتیں بڑی حقارت سے اُس کالے رنگ کی ماں اور بچے کو دیکھنے لگی مگر جج صاحبان نے اُس کالے رنگ کے بچے کو مقابلہ حسن میں اوّل انعام کا مستحق قرار دیا اور جواز یہ لکھا کہ ہر ماں کیلئے اس کا بچہ دُنیا بھر سے خوبصورت ہوتا ہے اس لیے کالے رنگ کی عورت کے بچے کو اوّل پوزیشن دی گئی ہے بچہ بدصورت ہی کیوں نہ ہو ہر ماں کی نظر میں چاند کا ٹکڑا ہوتا ہے

مت دیکھ کسی چہرے کو حقارت کی نظر سے\
ہر چہرا کسی نہ کسی کا محبوب ہوتا ہے

میاں امجد علی امجد کی مشہور کتاب "بات پہ بات"

Marfat.com

# چاند کی آرزو

میرے محبوب کی بات نرالی ہے
مَیں جتنا اُس کی طرف آتا ہوں
وہ اُتنا ہی مجھ سے دُور ہوتا ہوں
مَیں محبت بھری نگاہوں سے دیکھوں
تو کہتا ہے مجھے گھورتے ہو
جب اُسے دیکھ کر ٹھنڈی سانس بھرتا ہُوں
تو کہتا ہے ضرور تمہیں زکام ہو گیا ہے
مَیں فرطِ محبت سے اس کے پاؤں چھُولوں تو کہتا ہے
مجھے گُدگدی ہوتی ہے میرا محبوب عجیب بھی ہے اور چاند کی طرح
حسین بھی چاند آسمانوں پر دُور کروڑوں میل کے فاصلے پر
چاند ہمیں جو مل نہیں سکتا مگر
ہم چاند کی آرزُو تو کر سکتے ہیں

چاند نکلا تو ہم نے وحشت میں
جس کو دیکھا اُسی کو چُوم لیا

میاں امجد علی امجد کی مشہور کتاب «بات پہ بات»

Marfat.com

# پیاس کا دریا

اے میرے دوست میں نے مانا کہ
میں تجھ سے مل کر خوشی محسوس کرتا ہوں
مگر یہ چند خوشی بھری ساعتیں میری
اتنی طویل اور کٹھن زندگی کا متبادل
تو نہیں ہو سکتیں کہ چند لمحوں کا ملن
اور پھر لمبی جُدائی چند مسرّت کے جام
اور پھر پیاس کا لمبا دریا
اے دوست!
تم ایسا کیوں نہیں کرتے کہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے
میرے دل میں سما جاؤ تا کہ ہر روز کی دُوری ختم ہو سکے

چند کلیاں نشاط کی چن کر
مدّتوں محوِ یاس رہتا ہوں
تیرا ملنا خوشی کی بات سہی
تجھ سے مل کر اداس رہتا ہوں



Marfat.com

# دشمن نہ کرے دوست نے وہ کام کیا ہے

ایک دفعہ عرب کے لوگ مجنوں کو دیوانہ کہہ کر پتھر مار رہے تھے مجنوں پتھروں کی برسات سے لہولہان ہو کر بھی مسکرا رہا تھا کہ اچانک لوگوں کے ہجوم میں مجنوں کا ایک دوست جس نے اپنے ہاتھ میں پھول پکڑا ہوا تھا اُس نے پھول مجنوں کو دے مارا پھول لگتے ہی مجنوں رونے لگا لوگوں نے پوچھا اے مجنوں ہم تمہیں پتھر مارتے ہیں تو تو مسکراتا ہے مگر تمہارے دوست نے پھول مارا ہے اور تم اس قدر رو رہے ہو تو مجنوں نے جواب دیا اے لوگو! تم عشق کے معاملے نہیں سمجھوگے۔ تم لوگ مجھے پتھر مارتے ہو گنہگار اور لیلیٰ کا عاشق سمجھتے ہوئے کیوں کہ تمہیں علم نہیں مگر میرے دوست کو تو علم ہے کہ میں عشق کے معاملے میں کتنا سچا ہوں اس لیے تمہارے پتھر مجھے پھول کی طرح لگتے ہیں اور دوست کا مارا ہوا پھول مجھے پتھر کی طرح لگتا ہے۔

میں نے مجنوں پہ لڑکپن میں اسد
سنگ اٹھایا تھا کہ سر یاد آیا



Marfat.com

# وقت

وقت برف کی طرح پگھل رہا ہے اور تمہیں احساس نہیں

حضرت نوح علیہ السلام سے کسی شخص نے پوچھا

اے اللہ کے پیارے نبی یہ تو بتایئے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ساڑھے نو سال سے زیادہ عمر عطا کی ہے۔ اتنی طویل ترین زندگی گزارنے کے بعد آپ کیا محسوس کرتے ہیں تو حضرت نوح نے بڑا خوبصورت جواب دیا کہ ہمیں اتنی زندگی گزارنے کے باوجود ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس دنیا میں ایسے آئے جیسے ایک آدمی ایک نیا مکان بنائے جس کے دروازے ہوں وہ ایک دروازے سے اندر داخل ہو اور دوسرے دروازے سے باہر نکل جائے اندازہ کیجیئے خیالات ایک عظیم پیغمبر شخصیت کے ہیں۔ جو ساڑھے نوسو سال تک اللہ کی راہ میں تبلیغ کرتے رہے اور ہم خود ہی عبرت کا خیال کریں تو مناسب ہوگا کیونکہ ہماری ٹوٹل عمر ڈاکٹروں کے مطابق پچاس سال سے زیادہ نہیں اُس میں کھانے پینے سونے کے اوقات میں شمار کریں تو پچیس سال رہ جاتے ہیں۔ اور ان پچیس سالوں میں بھی اتنے غم اور مصائب ہیں کہ اللہ کی پناہ وقت کی قدر میں ہی عافیت ہے

عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن<br>
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں



Marfat.com

# دو کنارے

## ہم دونوں کیسے مل سکتے تھے

وہ امیر تھے اور میں غریب اُن کے اور میرے درمیان
ظالم سماج کی آہنی دیواریں تھیں۔ وہ شہرت کے آسمان
کے چمکتے سورج اور میں پیاسی زمین کا ٹکڑا وہ حُسن کے درخشندہ
چاند تھے اور میں گُم نامی کا مدھم ستارا
وہ سمندر کی طرح وسیع و عریض میں کنوئیں کی مانند محدود
ہم دونوں کیسے مل سکتے تھے کیوں کہ ہم سمندر کے دو کنارے
ہیں جو آپس میں جُڑے ہوئے ہونے کے باوجود کبھی بھی نہیں
مل سکتے

اب کے ہم بچھڑے تو شاید کبھی خوابوں میں ملیں
جس طرح سُوکھے ہوئے پھول کتابوں میں ملیں



Marfat.com

# نصیب و تقی

اے میرے پیارے میں تجھے حاصل نہیں کر سکا
یہ میری قسمت ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔
اپنے اپنے مقدر کی بات ہے کوئی جام بھر کر پیتا ہے اور
کوئی تشنہ لب رہتا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔
کچھ لوگوں کو محبت ملتی ہے وہ محبت کی قدر نہیں کرتے
جو محبت کی قدر جانتے ہیں انکو محبت نہیں ملتی
دن اور رات کا آپس میں کوئی میل نہیں یہ کبھی نہیں ملتے
اور جب دن کو رات ملے تو دن غائب یعنی فنا ۔ ۔ ۔ ۔
اور جب رات دن کو ملے تو رات فنا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔
کہیں ہمارا ملنا ہمیں بھی تباہ نہ کر دیتا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔
اس لیے شاید قدرت نے ہمیں ملنے سے مجبور رکھا ۔ ۔

تقدیر بنانے والے تُو نے تو کمی نہ کی
پھر کس کو کیا ملا یہ مقدّر کی بات ہے



Marfat.com

# پیش کر غافل عمل کوئی اگر دفتر میں ہے

ہمیں رسم دنیا کے لیے شادی بیاہ کی تقریبوں میں حصہ لینا پڑتا ہے۔ یہ ہماری سماجی مجبوری ہے۔ ہم نے اکثر دیکھا ہے کہ مثال کے طور پر محمد علی اپنے بھائی شرافت علی کی بیٹی کی شادی میں شریک ہوا اور اپنے بھائی کو کہتا ہے کہ بھائی یہ لو پانچ سو روپے (گھر دا گھر) یعنی برابر جو تم نے میرے بیٹے کی شادی پر دیئے تھے اور اب یہ لو (وادا) یعنی اضافہ پانچ سو روپے یعنی جو کسی کی شادی پر پہلے آتا ہے کم دیتا ہے۔ بعد میں آنے والا زیادہ دیکر اضافے کا اعلان کرتا ہے۔ اے بھولے انسان دنیا داری کے سارے اصول تو ہمیں آتے ہیں مگر کبھی غور کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمہیں پانچ نمازیں (گھر دا گھر) یعنی برابر دی ہیں۔ تم نے کبھی نوافل کو تہجد اشراق، چاشت وغیرہ پڑھ کر (وادا) یعنی اضافہ کیا ہے

یہ گھڑی محشر کی ہے تو عرصۂ محشر میں ہے
پیش کر غافل عمل کوئی اگر دفتر میں ہے



Marfat.com

# امام کی فقاہت

کروڑوں مسلمانوں کے پیشوا حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ کسی بازار سے گزر رہے تھے۔ بارش کی وجہ سے کیچڑ اور گندگی سارے بازار میں پھیلی ہوئی تھی۔ آپ نے دیکھا کہ ایک لڑکا بڑی تیزی کے ساتھ بازار سے گزر رہا ہے۔ آپ نے یہ سوچ کر کہ لڑکا گر نہ جائے۔ لڑکے کو آواز دے کر کہا اے بیٹے کیچڑ بہت زیادہ ہے، ذرا آہستہ چلو گر نہ جانا تو لڑکے نے جو آپ کی علمی حیثیت سے واقف تھا اور جانتا تھا کہ کروڑوں مسلمان آپ کی فقہ پر عمل کرتے ہیں تو فوراً بولا یا حضرت! آپ میری فکر چھوڑیں۔ آپ خود سنبھل کر چلیں کیوں کہ اگر میں گر گیا تو اکیلا ہی گروں گا۔ اور اگر آپ گر گئے تو کروڑوں مسلمان بہک کر گریں گے۔ سبحان اللہ لڑکے نے کیا ایمان افروز جواب دیا۔ واقعی مقتدی کی غلطی صرف اس کی غلطی ہوتی ہے اور اگر امام کو غلطی لگ جائے سارے نمازیوں کو سجدہ صاف یا دوبارہ نماز پڑھنی پڑتی ہے۔

میں بھی اس قبیلے کا اک فرد ہوں ارشد
سر پیارا سر سے پیاری دستار مجھے

میاں امجد علی امجد کی مشہور کتاب «بات پہ بات»

Marfat.com

# یہ عالمِ شوق کا دیکھا نہ جائے

ایک دن دوپہر کے وقت مجنوں نے
ایک کتے کو دیکھ کر اُس کے پاؤں چوم لیے
تو لوگوں نے کہا اے پاگل انسان!
کتا تو پلید جانور ہے۔ تو اِس کے پاؤں کیوں چومے
تو مجنوں نے جواب دیا
اے لوگو تم صرف ظاہر پرست ہو
صرف سامنے کی چیز کو دیکھتے ہو تم لوگ یہ تو دیکھتے ہو کہ
کتے کے پاؤں پلید ہیں مگر یہ کیوں نہیں دیکھتے کہ کتا میری
محبوب لیلیٰ کی گلی سے گزر کر آیا ہے تم لوگ کتے کے پاؤں دیکھتے
ہو اور میں اپنی لیلیٰ کی گلی

کچھ تو ہوتے ہیں محبت میں جُنوں کے آثار
اور کچھ کو یہ لوگ دیوانہ بنا دیتے ہیں



Marfat.com

# امیری فقیری

وہ افسر کا بیٹا تھا۔ اس لیے جب اُس نے راہ چلتے اپنی کوٹھی کی بالکونی سے تمہارے اُوپر پیشاب کر دیا تھا تو تم نے بڑی خندہ پیشانی سے کہا تھا بیٹا شی شو کر دیا ہے۔
اور چند دن قبل ایک غریب عورت کا بچہ جب تیزی سے پانی میں گزرا تو پانی کے چند قطرے تم پر گرے۔
تو تم نے سیخ پا ہو کر بچے کو حرامی کتا اور سؤر جیسے الفاظ سے نوازا تھا۔
کیا تم منافق تو نہیں ہو گئے۔ فرق صاف ظاہر ہے
امیر کا بچہ پیشاب کرے تو پیشاب جدید زبان میں شی شو ہو جاتا ہے اور غریب کا بچہ پانی بھی گرا دے تو حرامی پلّے کا خطاب پاتا ہے یہ کیسا انصاف ہے

ہم آہ بھی بھرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا



Marfat.com

# لبیک اے اللہ میں حاضر ہوں

ہماری دنیا کا دستور ہے کہ جب کسی افسر کو اپنے ملازم سے کوئی کام ہو تو وہ اُسے آواز دے کر پکارتا ہے۔ اگر ملازم اپنے افسر کے بلانے پر کام خوش دلی سے کرتا ہے جس مقصد کے لیے افسر اُسے پکارتا ہے تو افسر بڑا خوش ہوتا ہے۔ اگر افسر اپنے ملازم کو بار بار پکارے اور وہ ملازم کان تک نہ دھرے تو وہ افسر نہ صرف ناراض ہو گا۔ بلکہ ملازم کو کھڑے کھڑے نوکری سے نکال دے گا۔

## مالکِ حقیقی

ہم بھی اپنے مالک حقیقی کے بندے اور ملازم ہیں۔ ہمارا مالک بھی ہمیں ہر روز پانچ دفعہ اذان کے ذریعے پکارتا ہے کیا ہم اپنے مالک کی آواز پر لبیک کہتے ہیں۔

بے نمازو کیا غضب کرتے ہو تم
حق تعالےٰ سے نہیں ڈرتے ہو تم



Marfat.com

# غرور کا سر نیچا

اپنی نیکیوں پر فخر یا غرور مت کرو

شیطان نے دُنیا کے کونے کونے پہ عبادت کی ہر قدم پہ سجدہ اور ہر ساعت شکرانہ ادا کیا لیکن جب اُس نے عبادت کے غرور میں آکر حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کیا اور حکمِ ربی نہ مانا تو حق تعالیٰ نے اُسے،

قَالَ فَاخْرُجْ

ترجمہ: فرمایا پس نکل جا مردود ہو کر ، ، ، ، ، ، ،

کہہ دیا تو ہم کس باغ کی مُولی ہیں۔ ہماری عبادتیں کیا ہیں۔ اور ہمارا غرور کس کام کا غرور مٹانے کا بہترین طریقہ نماز ہے نماز انسان کو عاجزی و انکساری سکھاتی ہے امانت و دیانت کا سبق دیتی ہے

سبق پھر پڑھ امانت کا دیانت کا عدالت کا
لیا جائے گا تجھ سے کام دُنیا کی امامت کا



Marfat.com

# غلط کی غلطی

علامہ اقبال جب اپنے بچپن کے زمانے میں پڑھا کرتے تھے ایک دفعہ املاء لکھتے وقت لفظ غلط کو (غ ل ط) غلط کی بجائے (غ ل ت) غلط لکھا۔ تو اُستاد نے ٹوکا کہ تم نے لفظ غلط کو غلط کیوں لکھا۔ تو علامہ اقبال نے جواب دیا
اُستاد محترم غلط کو غلط ہی لکھنا چاہیئے۔
ہم بچوں کو ان کی چھوٹی چھوٹی غلطیوں پر سخت سے سخت سزا دیتے ہیں
ہم یہ کیوں نہیں سوچتے کہ کبھی ہم خود بھی بچے تھے اور پتہ نہیں خود کتنی شرارتیں کرتے تھے

نہال اس گلستاں میں جتنے بڑھے ہیں
ہمیشہ وہ نیچے سے اُوپر چڑھے ہیں



Marfat.com

# بچھو کی فطرت

## نیک فطرت

کسی بزرگ نے ایک بچھو کو دریا میں ڈوبتے دیکھا
تو ہاتھ بڑھا کر بچھو کو ڈوبتے سے بچا لیا
تھوڑی دیر کے بعد اُس بزرگ دانا کو بچھو نے ڈنگ مار دیا۔
بزرگ نے بڑی تکلیف محسوس کی اور کہا
میں نے تم پر احسان کیا اور تم نے مجھ سے برائی کی
بچھو ہنس پڑا اور کہنے لگا اے بزرگ دانا میں ڈنگ ضرور ماروں گا۔ کیونکہ یہ میری فطرت ہے

اے دوست!
تم بچھو کیوں بنتے ہو جس کو مرنے سے بچایا جائے
تو پھر بھی ڈنگ مارنے سے باز نہیں آتا تم انسان بنو
نیک فطرت انسان گو کہ اس کام میں محنت زیادہ لگتی ہے
مگر انسان کا اقبال اسی سے بلند ہوتا ہے۔

وہ تصور میں رہتے ہیں میرے
کیسے کہہ دوں کہ دیکھا نہیں ہے



Marfat.com

# عِشق کے بندے ہیں

امامِ فلسفہ

حضرت مختار شاہ فرماتے ہیں :

عاشق کو نیند کیوں نہیں آتی ۔ اس لیے کہ جب وہ اپنے گھر (یعنی) آنکھوں میں غیر یعنی محبوب کو دیکھتی ہے تو واپس چلی جاتی ہے

لیکن میں شاہ صاحب کی بات کو بڑھاتے ہوتے کہتا ہوں

عشق میں نیند کا خیال کسے
نہ لگی آنکھ جب سے آنکھ لگی



Marfat.com

# تاج محل

تاج محل ایک محبت کا اپنے محبوب کو سب سے انمول تحفہ
تاج محل عاشقوں کی جنت محبتوں اور چاہتوں کا خزانہ
تاج محل ترکی اور ایرانی ہنرمندی کا منہ بولتا ثبوت ہے
تاج محل مسلمانوں کی عظمت کا جیتا جاگتا شاہکار

تاج محل وہ خوبصورت ترین عمارت کہ وائٹ ہاؤس میں رہنے والی امریکہ کے صدر کینیڈی کی بیوی یہ کہنے پر مجبور ہو گئی کہ جناب صدر اگر آپ میرے مرنے کے بعد .... تاج محل جیسی عمارت بنا دیں گے تو میں ابھی مرنے کو تیار ہوں ............

اے دوست!

دنیا ایک سرائے ہے یہاں کوئی آتا ہے ........ اور کوئی جاتا ہے مگر اس دنیا میں جب تک یہ حسین تاج محل باقی رہے گا۔ شہنشاہ شاہ جہاں کی ممتاز محل سے ابدی محبتوں کا ثبوت ملتا رہے گا۔

اک شہنشاہ نے بنوا کے یہ حسین تاج محل
ہم غریبوں کی محبت کی نشانی دی ہے



Marfat.com

# بخشش

محسن کائنات نے فرمایا ایک بدکار عورت نے اپنی اوڑھنی سے ڈول باندھ کر کنویں سے پانی نکالا اور انتہائی پیاسے کتے کو جو پیاس سے نڈھال ہو کر زبان نکالے کھڑا تھا۔ اس کو پانی پلا دیا تو اللہ تعالیٰ کو اِس بُری عورت کی یہ ادا اتنی پسند آئی کہ اس فاحشہ عورت کو بخش دیا۔

سُبحان اللہ ایک چھوٹی سی نیکی سے ایک بدکار عورت جنت کی مستحق ہو سکتی ہے تو ہم بھی صغیرہ کبیرہ نیکیاں کر کے اللہ کی رحمت کے حقدار بن سکتے ہیں۔

نہیں نکما کوئی بھی اِس زمانے میں
کوئی بُرا نہیں قدرت کے کارخانے میں



Marfat.com

# جب عشق سکھاتا ہے

چشمِ تصور سے آج ایک نیا تماشہ دیکھئے کہ بارش ہو رہی ہے اور بازار سے ایک مردِ درویش پھٹے پرانے کپڑے بظاہر بدحالی کا منہ بولتا ثبوت مگر دل غیرتِ ایمانی سے لبریز خدا کا سچا دوست درویش بازار سے بڑی بے نیازی سے گزر رہا تھا کہ سامنے سے ایک طوائف اپنے بدمعاش ساتھی کے ساتھ زرق برق لباس میں گزری جیسے ہی وہ عیاش جوڑا درویش کے پاس سے گزرا تو بارش کے سبب چند کیچڑ کے قطرے اُس درویش کی بے نیازی کی وجہ سے اُس طوائف کے کپڑوں پر گرے تو طوائف اور اُس کے اوباش یار کو بڑا غصہ آیا اُس نے درویش کے مُنہ پر دو تین تھپڑ مارے درویش کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ اُس نے آسمان کی طرف دیکھا اور خدا کو یاد کرتے ہوئے آگے بڑھا ہی تھا کہ یک دم لوگوں کا شور ہوا کہ جس بدمعاش نے فقیر کو بے گناہ مارا تھا وہ تڑپ تڑپ کر مر گیا ہے۔ لوگوں نے درویش کو پکڑ لیا۔ اتفاق سے ادھر سے قاضئ وقت گزرا تو قاضی نے درویش سے کہا تم نے اُس آدمی کو کیوں مارا تو درویش نے بڑا علمی جواب دیا کہ قاضی صاحب کسی بھی دوست کو تکلیف ہو تو دوسرے سچے دوست کو بڑی تکلیف ہوتی ہے۔ آپ خود انصاف کیجئے۔ اُس طوائف کے کپڑوں پر کیچڑ لگا تو اُس کے دوست کو تکلیف ہوئی تو اُس نے مجھے مارا اور مجھے تھپڑوں سے جو تکلیف ہوئی وہ میرے دوست کو گوارہ نہ ہوئی تو اُس نے اُسے تھپڑ مار دیا اور یہ الگ بات کہ اُس بدمعاش کے



Marfat.com

تھپڑ کو میں تو سہہ گیا مگر میرے دوست (اللہ) کے تھپڑ کو وہ بدمعاش نہ سہہ سکا اور مر گیا۔ قاضی نے یہ جواب سن کر اُس مردِ درویش کو چھوڑ دیا۔

نہ خسروی میں نہ دولت میں نہ سپاہ میں ہے
جو بات قلندر کی بارگاہ میں ہے



Marfat.com

# احساسِ مروّت ۵۴

لوگ مجھ سے پوچھتے ہیں کہ میاں تم اتنے کمزور کیوں ہوتے جا رہے ہو میں لوگوں کو کیا جواب دوں وہ خود کیوں نہیں سمجھتے کہ عشق ایک ایسی بیماری ہے جو جسے بھی لگ جائے اُسے کسی کام کا نہیں رہنے دیتی یہ بیماری بھوک پیاس اور رشتے داروں کے تعلق دوست احباب کے معاملے سب کچھ ختم کر دیتی ہے یعنی کسی کام جوگا نہیں چھوڑتی اس عشق کا معاملہ سب سے الگ ہے۔ یہ جسے لگ جائے وہ حضرت بلالؓ کی طرح جلتے کوئلوں پر لیٹ کر اَحد اَحد کرتا ہے۔ حضرت اویس قرنی کی طرح حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک دانت ٹوٹنے پر اپنے سارے دانت توڑ لیتا ہے۔ حضرت منصور کی طرح اَنا الحق کا نعرہ لگا کر سُولی پر چپ چاپ چڑھ جاتا ہے۔ غازی علم دین شہید کی طرح پھانسی تو پا لیتا ہے مگر حضور کے دامنِ محبت سے انکاری کا تصور نہیں کرتا۔ عشاق ازل سے لے کر ابد تک محبوبوں پر قربان ہوتے آئے ہیں۔ اور ہوتے رہیں گے اسی لیے میری کمزوری کا سبب نہ پوچھو میری بھوک پیاس تو اُسی وقت اُڑ جاتی ہے۔ جب کسی غریب کو تین دن کا بھوکا پیاسا دیکھتا ہوں۔ مجھے اپنے دوست یاد نہیں رہتے جب میں پانچ چھ سال کے بچے کو کام کرتے دیکھتا ہوں۔ مجھے اپنے رشتے دار بھول جاتے ہیں جب کسی عورت یا لڑکی کو بھرے بازار میں حریص نظروں کے سائے میں سودا بیچتے دیکھتا ہوں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

میرے احساس نے غربت کی کہانی لکھی
کسی مزدور کو جب کام پہ جاتے دیکھا

میاں امجد علی امجد کی مشہور کتاب «بات پہ بات»

Marfat.com

# عجیب فلسفہ

کشمیر کا مشہور شاعر عبدالغنی بڑا عظیم انسان تھا
وہ جب اپنے گھر میں داخل ہوتا تھا تو

دروازہ بند کر لیتا تھا اور جب باہر نکلتا تو دروازہ کھلا چھوڑ دیتا تھا لوگوں نے کہا اے مردِ درویش شاعر ہمیں یہ معاملہ سمجھ نہیں آیا۔ کہ جب تم گھر کے اندر ہوتے ہو تو دروازہ بند کرتے ہو اور گھر سے نکلتے ہو تو دروازہ کھُلا چھوڑ دیتے ہو۔ یہ اُلٹا معاملہ کیوں ہے تو اُس عظیم انسان نے جواب دیا کہ اس گھر کی سب سے قیمتی چیز تو میں خود ہوں۔
اس لیے جب گھر ہوتا ہوں تو دروازہ بند کر لیتا ہوں
کیونکہ اگر میں محفوظ نہیں تو گھر کس کام کا
مکین سے مکان کی عزت ہوتی ہے نہ کہ مکان سے مکین کی
بقولِ غالبؔ

ہر اک مکان کو مکیں سے حاصل ہے شرف اسدؔ
مجنوں جو مر گیا ہے تو جنگل اُداس ہے



Marfat.com

# لیلیٰ یا لاالٰہ

کسی مسجد میں قیس عُرف مجنوں نماز پڑھنے گیا تو نماز کے بعد تسبیح پر اللہ اللہ کرنے کی بجائے لیلیٰ لیلیٰ پڑھنے لگا۔

تو دوسرے آدمیوں نے کہا اے پاگل انسان!

یہ کیا اللہ کے نام کی بجائے لیلیٰ لیلیٰ پکار رہے ہو کیوں کافر بنتے ہو تو مجنوں نے بڑا خوبصورت جواب دیا۔

اے دنیا والو تم عشق کو کیا سمجھو

کیونکہ تم جسے لیلیٰ کہتے ہو وہ اصل میں لیلیٰ نہیں وہ لاالٰہ ہے۔

زباں نے کہہ بھی دیا لاالہ تو کیا حاصل
دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں



Marfat.com

# علموں بس کریں او یار

اے علم والو!
اپنے علم پر تکبر نہ کرو بلکہ عاجزی اختیار کرو شیطان کتنا علم والا تھا مگر اپنے تکبر کی وجہ سے مارا گیا یا د رکھو پھل اُسی درخت کو لگتا ہے جو جھکا ہوا ہو۔
جاہل انسان شور مچاتا ہے اور اعلیٰ ظرف انسان خاموش رہتا ہے۔
ڈھول اندر سے خالی ہوتا ہے اس لیے اس کا شور زیادہ ہوتا ہے

کہہ رہا ہے شورِ دریا سے سمندر کا سکوت
جس کا جتنا ظرف ہے اتنا ہی وہ خاموش ہے



Marfat.com

# مرعُوب اور مرغوُب

وہ میرا محبوب ہے۔ سارے زمانے کو اس بات کی خبر ہے مگر اس کی عادتیں میری سمجھ سے بالاتر ہیں۔ کیوں کہ جس بات کی خبر سارے زمانے کو ہے۔ میرا محبوب نہیں جانتا اب میں اپنے سادہ لوح محبوب کو کیسے سمجھاؤں کس طرح سمجھاؤں کہ مرغوب کبھی مرعُوب نہیں ہوتا یعنی جس سے محبت کی جائے وہ رعب تلے نہیں آتا۔ کیونکہ یہ بات سورج کی طرح روشن ہے مسجد میں رہنے والا طالب علم مسجد کے آداب کا کچھ خیال نہیں رکھتا۔ مندر میں رہنے والی بلی بھگوان سے نہیں ڈرتی پھر میرا اور اس کا کیسے نباہ ہوسکتا تھا۔

پتّا پتّا بُوٹا بُوٹا حال ہمارا جانے ہے\
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے



Marfat.com

# غمِ عشق گر نہ ہوتا غمِ روزگار ہوتا

اے میرے دوست تو گھبراتا کیوں ہے
مشکلیں اور مسائل۔ تو زندگی کا حصہ ہیں
زندگی غم کا دریا ہے اور خوشیوں کی لہر بھی
زندگی مسرتوں کا جام ہے اور غموں کی لہر بھی
اے میرے دوست گھبرا مت ہم اور تم ہی نہیں
بلکہ ساری دنیا ہی اس چکر میں گرفتار ہے
کسی کو دولت کا رونا ہے
کسی کو عورت کا
کسی کو اولاد کا رونا ہے
تو کسی کو محبت کا

اور رونا کیوں نہ ہو جب حضرت آدم کو بنایا گیا تو آپ کے جسم پر اُنتالیس دن غموں کی بارش ہوئی اور صرف ایک دن خوشی کی بارش برسائی گئی اب خود ہی اندازہ لگالے کہ اُنتالیس دن غم کے زیادہ ہیں یا پھر خوشی کا مختصر ترین ایک دن زیادہ ہے۔

اے میرے ہمراز دوست سلسلے تو اسی طرح بگڑتے اور بنتے رہتے ہیں
زندگی میں جب غم ہی غم ہوں تو ہنس کر دن گزارنا بہادری ہے
اب تو گھبرا کے یہ ہی کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کر بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے



Marfat.com

# خضرِ راہ

اپنے حصّے کی جتنی مسکراہٹیں ہیں، سمیٹ لو باغ سے خوشبو آرہی ہو تو سارے پھول نہیں توڑ لینے چاہیئے اپنے حصّے کے پھول اور خوشیاں اپنے دامن میں بھر لو دُوسروں کے حصّے کی خوشیاں دوسروں کو مبارک۔ اپنا راستہ لو بالکل سیدھا راستہ پھر کبھی بھی ٹھوکر نہیں لگے گی۔ محبت میں صرف محبوب کی خاطر ساری دنیا چھوڑنا کہاں کی عقلمندی ہے۔ دنیا چھوڑنی ہے تو محبوب حقیقی، خدا کی خاطر چھوڑ

چھوڑ دے ساری دنیا کسی کے لیے
یہ مناسب نہیں آدمی کے لیے
پیار سے بھی ضروری کئی کام ہیں
پیار سب کچھ نہیں زندگی کے لیے



Marfat.com

# نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

مشہور شاعر ناصر کاظمی سے کسی شخص نے سوال کیا کہ عاشق کو نیند کیوں نہیں آتی تو کاظمی صاحب نے کہا بھلے آدمی جب کسی عام آدمی کی آنکھ میں چھوٹا سا تنکا چبھ جائے تو وہ بے چین ہو کے ساری ساری رات نہیں سوتا اور درد سے کراہتا رہتا ہے۔ تو عاشق کی آنکھ میں تو سالم محبوب سمایا ہوتا ہے تو وہ بھلا کیسے سو سکتا ہے۔

بقول غالب

موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی



Marfat.com

# مدہوشیاں

اے نشے میں مدہوش اور بدمست رہنے والے نشے میں مگن ہو کر اپنے آپ اور دنیا کو بھولنے والے نشہ تو روٹی کا بھی ہوتا ہے۔ رزقِ حلال کی کھا۔

نشہ تو جوانی کا بھی ہوتا ہے۔ اپنی جوانی کو کنٹرول کر
نشہ تو دولت کا بھی ہوتا ہے۔ اس لیے غرور نہ کر
نشہ کرنا ہے تو عشقِ الٰہی کا کرو پھر دیکھنا کیا لطف ہے
نشہ کرنا ہے تو عشقِ مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا کرو زندگی سنور جائے گی۔

دیکھ اے شیخ دخترِ رز کو نہ منہ لگا
چھٹتی نہیں یہ ظالم منہ سے لگی ہوئی



Marfat.com

# مقامِ عبرت

کوئی کتا اگر کسی مالک کو چھوڑ کر تمہارے پاس آئے تو تم زیادہ خوش نہ ہو۔ بلکہ یہ مقامِ عبرت ہے۔ تم ایک کام ضروری کرو کہ فوراً کتے کو وہاں سے بھگا دو۔ چاہے لاٹھی سے، چاہے دھتکار کر، کیوں کہ اس کتے میں وفاداری کا مادہ نہیں۔ یہ آج پرانے مالک کو چھوڑ کر آیا ہے۔ کل تمہیں بھی چھوڑ دے گا۔ انسان اور کتا اگر وفادار نہیں تو اُسے اپنے پاس رکھنے کا کوئی جواز نہیں اچھی طرح پرکھ لو۔

کہہ رہا ہوں میں جو تم کو غور سے سنو میاں
ہے نصیحت کام کی محروم اس سے مت گزر



Marfat.com

# حُسنِ عمل کی زِندگی

پوری دُنیا میں جہاں کہیں بھی کسی کے ہاں بچہ پیدا ہوتا ہے تو وہ بچہ دنیا میں روتا ہوا آتا ہے۔ اور سب عزیز گھر والے مسکراتے ہیں۔

اے پیارے دوست تم اپنے اندر ایسی خوبیاں اور نیکیاں پیدا کرلو کہ جس سے سارے زمانے کا فائدہ ہو

کہ جب تم دنیا سے رخصت ہو جاؤ تو ساری دُنیا رو رہی ہو اور تم کفن کی اوٹ سے دھیرے سے مسکرا رہے ہوں!

مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب کہا ہے کہ

طفل می لرزد ز نیشِ احتجام
مادرِ مشفق درآں غم شادکام
جیئو تو ایسے جیئو کہ زمانہ تجھے سلام کرے
مرد تو ایسے مرد کہ ہر کوئی احترام کرے



Marfat.com

# جگ جگ جیئے میرا پیارا وطن

پاکستان ہمارا پیارا اور عظیم وطن عزیز جس کی بنیاد میں ہمارے آباؤ اجداد کا خون ہے۔ لاکھوں ماؤں بہنوں بھائیوں کی قربانیوں کا بے مثل پھل ہے

میرے پیارے ہم وطنو!

یہ سبق ہمیشہ یاد رکھنا کہ اپنی صفوں میں کبھی غدار پیدا نہ ہونے دینا مسلمان ہمیشہ اپنوں کی غداری کی وجہ سے تباہ ہوا۔

یاد رکھو!

لوہے کا کلہاڑا اس وقت تک لکڑی نہیں کاٹتا جب تک لکڑی کا دستہ اس کے ساتھ نہ لگا ہو۔

خونِ دل دے کے نکھاریں گے رُخ برگ گلاب
ہم نے گلشن کے تحفظ کی قسم کھائی ہے



Marfat.com

# خودی اور آگاہی

اے مردِ حق پرست اپنے آپ کو پہچان
اپنی پہچان بھی رکھ اور دُوسروں کو بھی پرکھ
فقیری کے رُوپ میں زمانے کی چال اور تماشا دیکھ،
دنیا میں گم نہ ہو بلکہ دنیا کو اپنے اندر گم کر
بظاہر خوش دلی سے بات کرنے والا ضروری نہیں تمہارا دوست ہی ہو کیوں کہ سارے پتھر ہیرے اور ہر چمکنے والی چیز سونا نہیں ہوتی۔
بہت سے نیک نظر آنے والے انسانوں کی بغل میں چھری بھی ہو سکتی ہے اور بہت سے شیطان ہیں جو لباسِ خضر میں نظر آتے ہیں۔

تم تکلف کو بھی اخلاص سمجھتے ہو فراز
دوست ہوتا نہیں ہر ہاتھ ملانے والا



Marfat.com

# سُوئے دار

ساری دُنیا محبت محبت کرتی ہے
مگر محبت کرنا کِسے آتا ہے
سب جھُوٹے دعوے کرتے ہیں
مگر جو لوگ محبت کرتے ہیں
ان کے رنگ نرالے ہوتے ہیں
وہ چُپ چاپ سُولی پر چڑھ جاتے ہیں
مگر اپنے ہونٹوں کو سی لیتے ہیں
دُنیا کو اس وقت پتہ چلتا ہے جب وہ دُنیا سے ناطہ
توڑ جاتے ہیں۔ ۔۔۔۔۔۔
یہی لوگ محبت کے دعوے میں سچے ہیں
اور دنیا میں اپنا نام تابندہ کر جاتے ہیں
وگرنہ ...... آج کل تو ...... یہی خیال ہے کہ
یہی بہت ہے کہ قائم رہے وفا کا بھرم
کوئی کسی کا ہوا بھی ہے عمر بھر کے لیے



Marfat.com

# دِل تو پاگل ہے

میرا دِل بچّے کی ضد کی طرح ہے ، ، ، ، ، ، ، ،
یہ کسی بھی حسین چیز کو دیکھ کر ضد کرتا ہے کہ یہی لینی ہے
چاہے وہ چیز اپنی ہو یا نہ ہو یہ دل کسی ضدی بچّے کی طرح
ہے جو بازار میں کھلونا دیکھ کر مچل جاتا ہے۔ پھر ایک ہی تکرار
کرتا ہے کہ مجھے کھلونا چاہیئے۔ ، ، ، ، ، ، ، ، ، ، ، ،
میرا دل بچّے کی ضد کی طرح ہے جو چاند کو کھیلنے کے لیے
مانگتا ہے ہو بھلا چاند بھی کسی کو ملا ہے ؟ ، ، ، ، ، ، ، ،

جگنو کو دن کے وقت پکڑنے کی ضد کریں
بچّے ہمارے عہد کے چالاک ہو گئے



Marfat.com

# حقیر سی نیکی

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ایک دفعہ ایک فقیر کو انگور کے چند دانے خیرات میں دیئے اتنی تھوڑی خیرات ملنے پر اُس فقیر نے وہ انگور کے دانے واپس کرنے چاہے تو اُم المومنین نے فرمایا تم نے یہ آیت نہیں پڑھی

**فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرًا یرہ**

جس نے ذرہ برابر بھی نیکی کی ہو گی ضائع نہیں کی جائے گی
یہ آیت سن کر اُس فقیر نے شرمندہ ہو کر انگور شکریہ کے ساتھ لے لیے۔

اے پیارے مہربان کسی نیکی کو حقیر مت جانو اگر چھوٹی سی نیکی یعنی کتے کو پانی پلانے سے طوائف عورت بخشی جا سکتی ہے۔ تو ہم بھی چھوٹی چھوٹی نیکیاں کر کے نیکیوں کا پہاڑ بنا سکتے ہیں۔

میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں
کاش پوچھو کہ مُدعا کیا ہے
ہاں بھلا کر تیرا بھلا ہو گا
اور درویش کی صدا کیا ہے

میاں امجد علی امجد کی مشہور کتاب (بات پہ بات)

Marfat.com

# شاہسوارِ کربلا

اے میرے خدا اے میرے عظیم اور کریم خدا ، ، ، ،
ازل سے لے کر آخر تک ابتدا سے انتہا تک کائنات
کی ہر چیز میں تو ہی تو ہے ہر طرف تیرا ہی جلوہ ہے ،،
اے خدا تو ازل سے لے کر ابد تک ہم نادان انسانوں کی
حماقتوں نادانیوں کی طویل فہرست دیکھتا آرہا ہے ۔ ہم گنہگار
انسانوں کی قربانیوں کو دیکھ کر مسکراتا ہوگا ۔ مگر اُس وقت تو
تیری آنکھیں بھیگ گئی ہونگی ۔ جب" کربلا کے میدان" میں
امام حسین نے اپنی اور بہتر رفقاء کی جانوں کا نذرانہ پیش
کیا ہوگا ۔ ، ، ، ، ، ، ، ، ، ، ، ، ،

علی کا گھر بھی کیا گھر ہے جس گھر کا ہر اک بچہ
جسے دیکھو وہی شیرِ خدا معلوم ہوتا ہے



Marfat.com

# دِل جلے

دانائے روزگار مولانا رومؒ نے ایک دفعہ اللہ تعالیٰ سے دُعا کی یا اللہ! میری ہستی سوزِ عشق سے خالی ہے میری ملاقات کسی دل جلے سے عاشق سے کرادیں جو تیرے عشق میں کندن بن گیا ہو اللہ تعالیٰ نے مولانا روم کی دُعا قبول کی اور پیکرِ عشق حضرت شمس تبریز تشریف لائے اُس وقت مولانا روم حوض کے کنارے اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی کتابیں پڑھ رہے تھے شاہ شمس تبریز نے آتے ہی کتابوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا یہ کیا ہے تو مولانا روم نے حضرت شمس تبریزی کو نہ پہچانا کہ یہ وہی دل جلے ہیں جن کی میں دُعائیں کرتا تھا بلکہ اِن کا پھٹا پرانا لباس دیکھ کر بڑی بے نیازی سے جواب دیا۔

ایں چیزے دیگرے است

یہ وہ ہے جو تم نہیں جانتے

یعنی تم کتابوں کا کیا پوچھتے ہو جب کہ تم کو اس کا علم ہی نہیں یہ طنزیہ جواب سن کر حضرت شمس تبریز نے غصے سے کتابیں اٹھائیں اور پانی کے حوض میں پھینک دیں تو مولانا روم نے اپنا سر پکڑ لیا کیوں کہ پہلے زمانے میں کتابیں بڑی محنت اور عرق ریزی سے ہاتھ سے لکھ کر تیار کرتے تھے۔ مولانا روم کی حد درجہ پریشانی کو دیکھ کر حضرت شمس تبریزی نے مسکرا کر پانی کے حوض میں اپنے ہاتھ سے کتابیں بالکل خشک نکال دیں، کتابیں خشک دیکھ کر مولانا روم شدید حیران ہوئے اور کہا



Marfat.com

حضرت یہ کیا ہے تو حضرت شمس تبریزی نے بڑی بے نیازی سے جواب دیا۔

این چیزے دیگر است

یعنی یہ وہ علم ہے جو تم نہیں جانتے

تو مولانا روم سجدے میں گر کر اللہ تعالےٰ کے مشکور ہوئے کہ اللہ نے ان کی دعا قبول کی اور مرشد برحق حضرت شمس تبریزی سے ملاقات کرادی۔



Marfat.com

# آتشِ محبت

محبت ایسی آگ ہے جو لگائے نہیں لگتی محبت ایسی آگ ہے ۔۔۔ جو بجھائے نہیں بجھتی یہ آگ آدمی خود لگانا چاہے تو نہیں لگتی بلکہ خود بخود کسی آفاقی جذبے کیطرح انسان کو اندر ہی اندر سے دیمک کیطرح لگ جاتی ہے ۔۔۔۔

اور انسان کو کھوکھلا کر کے کسی کام کا نہیں رہنے دیتی ۔۔۔ محبت انسان خود نہیں کرتا بلکہ محبت ہو جاتی ہے ۔۔۔۔

یہ بے اختیاری کا عمل ہے ۔۔۔ بڑے بڑے دانا اور جینئس انسان ۔۔۔ اس آگ کی لپیٹ میں آکر عقل و خرد سے بیگانے ہو جاتے ہیں ۔۔۔۔

اے میرے دوست ۔۔۔۔۔۔

﴿تم نے کسی کی جان کو جاتے دیکھا ہے﴾

﴿وہ دیکھو مجھ سے رُوٹھ کر میری جان جا رہی ہے﴾



Marfat.com

## نگاہِ ناز

میرے محبوب کی مرضی ہے کہ میں غمگین اور پریشان ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اگر میرے محبوب کی یہی مرضی ہے تو میں خوش ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جو نگاہِ یار میں آئے۔۔۔۔۔جو پیا کو بھائے وہی سہاگن۔۔۔۔۔

کیونکہ جب کوئی خریدار بازار سے سودا یا برتن وغیرہ خریدتا ہے تو ٹھوک بجا کر دیکھتا ہے کہ سودا کہیں خراب تو نہیں کہ۔۔۔۔۔برتن کہیں کچا تو نہیں۔۔۔اسی طرح میرا محبوب اللہ تعالیٰ بھی۔۔۔اپنے بندوں کو ٹھوک بجا کر اچھی طرح دیکھتا ہے کہ۔۔۔۔میرا بنایا ہوا برتن۔۔

انسان میرے عشق میں کہیں کچا تو نہیں۔۔۔۔۔۔

﴿یہ کسی رشکِ مسیحا کا مکان ہے زمین جسکی چہارم آسمان ہے﴾

﴿تکلف سے بری ہے حسن ذاتی قبائے گل میں گل بوٹا کہاں ہے﴾



Marfat.com

# تڑپ

کچھ لوگ ہمیں دل کی گہرائیوں سے اچھے لگتے ہیں آنکھیں انہیں دیکھ کر چمکنے لگتی ہیں دل دیوانہ وار بے ساختہ کیوں خوش ہوتا ہے کہ وہ قریب تر ہو جائیں اُنسے پیار کرنے کیلیئے دل کیوں تڑپ اُٹھتا ہے آخر ان میں کونسی خوبیاں پنہاں ہوتی ہیں کہ جب وہ نظروں سے اوجھل ہو جاتے ہیں تو آنکھوں کی چمک ماند پڑ جاتی ہے دل بے چین بے قرار اور اداس ہو جاتا ہے دل کی اُداسی اِتنی بڑھتی ہے کہ وہ اسے برداشت نہیں کر سکتا دل کی تڑپ نا قابلِ برداشت ہو جاتی ہے کاش کوئی یہ بتا دے یہ کیوں ہوتا ہے آخر اس جذبے کو کیا نام دیا جائے

جانے اس شخص کو کیسا ہنر آتا ہے

شام ہوتی ہے تو آنکھوں میں اُتر آتا ہے



Marfat.com

یہ دنیا یہ محفل میرے کام کی نہیں

اے میرے پیارے اللہ اے کائنات کے عظیم خالق

جب تماری اس خوبصورت سی دنیا سے

پیار۔۔۔۔عشق۔۔۔۔اور محبت۔۔۔ختم ہو

جائے گی

تو کیا یہ دنیا رہنے کے قابل رہ جائیگی

﴿محبت کے دم سے یہ دنیا حسین ہے

محبت نہیں ہے تو کچھ بھی نہیں ہے﴾



Marfat.com

# اے عشق ہمیں معاف کرنا

ہم بزدل اور نکمے نکلے ہم سابقہ عاشقوں

مجنوں فرہاد

مِرزا پنّوں

رومیو کی طرح

اپنی جانوں کا نذرانہ

تمہاری بارگاہ میں پیش نہ کر سکے

اے عشق ہمیں معاف کرنا ہماری گستاخی کو نظرانداز کرنا

﴿محبت اب نہیں ہوگی یہ کچھ دن بعد میں ہوگی﴾

﴿گزر جائیں گے جب یہ دن یہ اُنکی یاد میں ہوگی﴾



Marfat.com

# اے مردِ مجاہد جاگ ذرا

اے دنیا کی فکر میں ڈوبے ہوئے انسان غافل کیوں ہے۔۔۔

اُٹھ اور فرہاد کی طرح شریں کیلئے دودھ کی نہر نکال۔۔۔۔۔

مجنوں کی طرح پتھر کھا اور لیلیٰ لیلیٰ پکار۔۔۔۔

تیر کمان لیکر میدان میں آ کر صاحباں کو اپنے مرزا کا انتظار ہے۔۔۔۔۔

رانجے کی طرح بانسری کی دل نوازلے سے ہیر کے دل کو دوبارہ جیت۔۔۔

سسی اور پنوں کے محبت نواز اور درد انگیز قصے کو دہرا۔۔۔۔

اُٹھ اور دنیا کے دلوں کے دامنِ چاک چاک کو رفو کر۔۔۔۔

شاہین بن کر اپنی پرواز بلند رکھ۔۔۔۔۔۔اپنی سوچ مثبت رکھ۔۔۔

تم امجد کی بات کو غور سے سنو اور سمجھو۔۔۔۔

کیوں کے انسان کی اعلیٰ سوچ ہی ہے جو اُسے تختِ سلمانی تک لے گئی۔۔۔

دوسو گدھے مل کر بھی ایک انسان کی طرح نہیں سوچ سکتے۔۔۔۔۔۔

﴿اندازِ بیاں اگرچہ میرا شوخ نہیں ہے﴾

﴿شائد کہ تیرے دل میں اُتر جائے میری بات﴾



Marfat.com

# تو جانِ آرزو ہے میری

ہر چیز کی ایک جان ہوتی ہے----------

اور اس جہاں کی جان ہے

انسان----------

اور انسان کی جان ہے ایمان----------

اور ایمان کی جان ہیں نبی کریم ﷺ----------

﴿اللہ کی سر تا بقدم شان ہیں یہ﴾

﴿اُن سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ﴾

﴿قرآن یہ کہتا ہے کہ ان سا نہیں کوئی﴾

﴿ایمان یہ کہتا ہے میری جان ہیں یہ﴾



Marfat.com

## کامل انسان

ایک آدمی کافی دیر تک ایک بازار کی نکڑ پر کھڑا تھا اور ہر آتے جاتے آدمی کو دیکھتا تھا جب کافی دیر وہ ادھر ہی کھڑا رہا ایک تو ایک فلسفی ادھر سے گزرا تو اس نے پوچھا کہ اے بھلے آدمی یہاں کس لیے کھڑے ہو تو وہ آدمی بولا کسی انسان کی تلاش کر رہا ہوں تو وہ فلسفی بولا پھر تو تمہارا قیام کافی طویل ہوگا کیونکہ فی زمانہ کسی کامل انسان کا ملنا بے حد دشوار ہو گیا ہے۔

---

اے غافل انسان تو کسی انسان کو کیوں ڈھونڈتا ہے تو خود کامل انسان کیوں نہیں بنتا خدا کو ادھر ادھر تلاش کرنے والو خدا تو خود کسی کامل انسان کی تلاش میں ہے

﴿عبث ہے شکوۂ تقدیر یزداں تو خود تقدیر یزداں کیوں نہیں﴾



Marfat.com

## رنگ لائے گا شہیدوں کا لہو

ایک دفعہ خالق کائنات اللہ تعالیٰ نے اپنی حسین ترین اور ساری دنیا سے پُر سکون جگہ جسے اہلِ دنیا جنت کہتی ہے جہاں ساری دنیا سے بڑھ کر آرام سکون اور ہر چیز جسکی آرزو کی جائے مل جاتی ہے جس میں بسنے والوں سے نے ایک سوال کیا کہ اے جنت میں بسنے والوں بتاؤ میری جنت میں کس چیز کی کمی ہے تو اکثر اہلِ جنت کہیں گے یا اللہ تیری جنت میں کسی بھی چیز کی کمی نہیں مگر شہیدوںؓ کا گروپ فوراً بول اٹھے گا کہ یا اللہ تیری جنت میں سب کچھ ہے مگر مگر ایک چیز ایسی ہے وہ تیری جنت میں نہیں تو اللہ تعالیٰ کہیں گے اے شہیدو" بتاؤ کس چیز کی کمی ہے تو شہید بولیں گے یا اللہ تو ہمیں دوبارہ دنیا میں بھیج ہم وہاں جا کر تیرے دشمنوں سے لڑیں گے اور لڑتے لڑتے تیری راہ میں شہید ہو جائیں گے اے اللہ تیری راہ میں گردن کٹانے کا جو مزہ ہے وہ تیری جنت میں بھی نہیں

﴿جب تک نہ جلیں دیپ شہیدوں کے لہو سے    کہتے ہیں کہ جنت میں چراغاں نہیں ہوتا﴾



Marfat.com

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ج لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط

لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ

عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ج

وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ كُرْسِیُّهُ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ط

Marfat.com

# حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ

واحسن منک لم ترقط عین
واجمل منک لم تلد النساء

خلقت مبرءً من کل عیب
کانک قد خلقت کما تشاء

فان ابی ووالدہ وعرضی
لعرض محمد منکم وقاء

ما ان مدحت محمدا بمقالتی
ولکن مدحت مقالتی بمحمد

میاں امجد علی امجد کی مشہور کتاب ° بات پہ بات °

Marfat.com

اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ    اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

اَلصُّبْحُ بَدَا مِنْ طَلْعَتِهٖ    وَاللَّيْلُ دَجٰى مِنْ وَفْرَتِهٖ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ    اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

جِبْرِيْلُ اَتٰى لَيْلَةَ اَسْرٰى    وَالرَّبُّ دَعَا فِيْ حَضْرَتِهٖ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ    اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

فَاقَ الرُّسُلَا فَضْلًا وَّعُلَا    اَهْدَى السُّبُلَا لِدَلَالَتِهٖ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ    اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

كَنْزُ الْكَرَمِ مَوْلَى النِّعَمِ    هَادِى الْاُمَمِ لِشَرِيْعَتِهٖ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ    اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

اَزْكَى النَّسَبِ اَعْلَى الْحَسَبِ    كُلُّ الْعَرَبِ فِيْ خِدْمَتِهٖ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ    اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

سَعَتِ الشَّجَرُ نَطَقَ الْحَجَرُ    شُقَّ الْقَمَرُ بِاِشَارَتِهٖ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ    اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ



Marfat.com




میاں امجد علی کی کتاب [illegible] بڑی باتیں کی تقریب رونمائی میں [illegible]
جناب ناصر خان، [illegible] عزت مآب صاحبزادہ حفیظ الرحمٰن [illegible] صاحبزادہ [illegible] شاہ صاحب

Marfat.com



Marfat.com




میاں امجد علی کی کتاب بڑے لوگوں کی بڑی باتیں کی تقریب رونمائی میں ایس ایس پی اسلام آباد جناب نا[illegible]
[illegible] مآب صاحبزادہ [illegible]ظ البرکات شاہ صاحبزادہ میجر محمد ابراہیم شاہ صاحب۔ ممتاز شاعر امجد

Marfat.com



مجسٹریٹ درجہ اول خالد عیاض خان لاہور میاں امجد علی امجد اور محمد اشفاق خان خوشگوار موڈ میں

Marfat.com



میاں امجد علی کی کتاب بڑے [illegible] بڑی باتیں کی تقریب رونمائی [illegible]

Marfat.com



ڈی ایس پی راشد محمود سندھو۔ میاں امجد علی امجد کو ایوارڈ دیتے ہوئے ساتھ محمد اشفاق خاں ہیں

Marfat.com




Marfat.com

96

## آراء

**ممتاز شاعر وادیب ڈرامہ نگار جناب امجد اسلام امجد لاہور ڈرائیکٹر اردو بورڈ اسلام آباد**

بات پہ بات کے عنوان سے امجد علی امجد نے ایک قابل دید کتاب ترتیب دی ہے

اس کتاب میں پند ونصائح اور ابدی صداقتوں کے حوالے سے قابل قدر مواد بڑی کثرت سے ملتا ہے جس سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ مصنف نے اس کی ترتیب وتدوین میں نہایت عرق ریزی اور گہرے مطالعہ سے کام لیا ہے

**محافظ عوام محترم جناب ناصر خان درانی ایس ایس پی اسلام آباد** اس دور میں جبکہ اخلاقی اقدار ناپید ہوتی جارہی ہیں اور جرائم کی بھرمار ہے «**بات پہ بات**» کی اشاعت نیک فال ہے ۔ہم امجد علی امجد کو ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں دعا گو ہیں کہ اس کتاب کی اشاعت بے شمار اصحاب فکر کیلئے ضیافت طبع کا باعث بنے۔

**ممتاز مذہبی شخصیت صاحبزادہ پیر حفیظ البرکات شاہ صاحب** ایم ڈی ضیاء القرآن پبلیکشنز لاہور

تاریخی صداقتوں اور حقائق کی بدولت ہمیشہ متلاشیان منزل ایمان کو نیا جذبہ عمل عطا ہوا ہے «**بات پہ بات**» کے مصنف امجد علی امجد نے بھی مختلف حوالہ جات کی روشنی میں درجنوں صداقتوں کو یکجا کر دیا ہے۔ امجد علی امجد اس سے پیشتر بھی کئی قلمی کاوشیں پیش کر چکے ہیں۔ ہم توقع رکھتے ہیں کہ فاضل مصنف نے جس محنت اور خلوص کے ساتھ یہ کتاب ترتیب دی ہے اسی خلوص کی مہک بہت سے دلوں کو ابدی حقیقتوں کا حسن عطا کرے گی۔ ہمارا ادارہ بفضلِ تعالیٰ انشاء اللہ فاضل مصنف کی ہر تصنیف کا خیر مقدم کرے گا

**عزت مآب محترمہ کیپٹن ڈاکٹر مزمل بتول اصغری ایم ایچ واہ کینٹ**

ممتاز ادیب اور صحافی میاں امجد علی امجد نے اپنی کتاب «بات پہ بات» ترتیب دے کر دراصل قارئین کے بوجھل دلوں کو شگفتہ کرنے کی کوشش کی ہے وہ اپنی کوشش میں کتنے کامیاب ہیں یہ کو قارئین ہی بتائیں گے ہم ان کی نذر شاعر مشرق کا یہ شعر کرتے ہیں۔ شاہین کبھی پرواز سے تھک کر نہیں گرتا ☆ پُر دم ہے اگر تو تو نہیں خطرۂ اُفتاد



Marfat.com

# آراء

## مفکر اسلام جگر گوشہ غزالی ءدراں حضرت علامہ حامد سعید کاظمی شاہ صاحب ملتان

﴾جس طرح نشانے پر لگایا ہوا تیر کبھی خطا نہیں ہوتا اس طرح دل کی گہرائی سے نکلی ہوئی بات بھی کبھی ضائع نہیں جاتی اور پھر بات اگر ڈھنگ سے کی جائے تو طاقت پرواز کا اثر لیکر سیدھی دل میں جا اُترتی ہے۔ میاں امجد علی مجد نے بھی اپنی کتاب ﴾بات پہ بات﴿ میں یہی کوشش کی ہے کہ اُنکی بات کا اثر سچا اور دیر پا ہے تا کہ قارئین صراطِ مستقیم پر گامزن رہیں ہماری دعا ہے کہ اللہ کرے ذورِ قلم اور زیادہ﴿

﴾مناظر ابنِ مناظر خطیب اسلام حضرت علامہ عبدالتواب صدیقی علامہ اقبال ٹاؤن لاہور﴿

﴾میاں امجد علی امجد کی کتاب ﴾بات پہ بات﴿ چیدہ چیدہ پڑھنے کا موقعہ ملا واقعی میاں صاحب نے اپنے قلم کی حرمت کا خیال رکھا ہے اور موقعہ بہ موقعہ ﴾بات پہ بات﴿ میں دنیاداری کے طوفانِ بدتمیزی میں بھی فلسفیانہ رنگ بھر کر مذہب اسلام اور صاحب اسلام نبی کریم ﷺ کی محبت کا ثبوت دیا ہے بقولِ ڈاکٹر محمد علامہ اقبال﴿

﴾خیرہ نہ کر سکا مجھے جلوۂ دانش فرنگ — سرمہ ہے میری آنکھ کا خاکِ مدینہ و نجف﴿

﴾ممتاز دانش ور سکالر اسلام جناب عبدالماجد مشرقی چیئرمین مشرق سائنس کالج گوجرانوالہ﴿

﴾نوجوان قلم کار میاں امجد علی امجد گولڈ میڈلسٹ نے یکے بعد دیگر 20 عدد کتابیں اپنے قارئین کی خدمت میں پیش کر کے اپنے قلم کی روانی قارئین کی تشنگی اور اپنی جولانی طبع کا عکس جمیل پیش کیا ہے۔ بہت کم قلم کاروں کو اپنے پڑھنے والوں کی دل جوئی مقصود ہوتی ہے مگر میاں امجد علی امجد ہر بار کسی نئے نکتے کسی نئی بات کے متلاشی رہتے ہیں تا کہ اپنے محترم قارئین کو ہر بار ایک نئے علمی ذائقے کا لطف دے سکیں اللہ ان کو کامیاب کرے۔﴿



Marfat.com

# میاں امجد علی امجد گولڈ میڈلسٹ کی دیگر تصانیف

(1)رسم آ زا ں

(2)جواب آں غزل

(3)مسرتوں کا بیاں

(4)حکمت کی بات

(5)تمنائے سوز

(6)درد کا بیا ں

(7)معلو ما ت اسلام

(8)تار یخی شگوفے

(9)انمول وظا ئف

(10)فضیلت نماز

(11)مینار پا کستا ن سے قطب مینا ر تک

(12)گنج شکر

(13)گلا ب

(14)امام صحا بہ

(15)بڑے لو گو ں کی بڑ ی با تیں

(16)اعلی حضر ت اور عشق رسو ل

(17)اسلا م میں عورت کا کردار

(18)تاریخ کے جھر وکو ں سے

(19) خو شبوئے مدینہ

(20)بات پہ بات



Marfat.com

Marfat.com

# میاں امجد علی امجد گولڈ میڈلسٹ کی دیگر تصانیف



1. مینارِ پاکستان سے قطب مینار تک
2. تمنائے سوز
3. گلاب
4. گنجِ شکر
5. امام صحابہ
6. اعلیٰحضرت اور عشقِ رسولؐ
7. درد کا بیاں
8. معلوماتِ اسلام
9. تاریخی شگوفے
10. بات پہ بات

- اسلام میں عورت کا کردار
- نماز اور طہارت
- فضیلتِ نماز
- انمول وظائف
- بڑے لوگوں کی بڑی باتیں
- تاریخ کے جھروکوں سے
- حکمت کی بات
- رسمِ آزاں
- 
- ...رتوں کا بیاں

7224

Marfat.com